**06.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

**Music**

---------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے تمل ناڈو میں تاریخی نئے **Pamban** ریل پُل کا افتتاح کیا۔ جناب مودی **8** ہزار تین سو کروڑ روپے مالیت کے مختلف ریل اور سڑک پروجیکٹوں کا بھی آغاز کررہے ہیں۔

☆ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ بھارت کو سری لنکا کے ترقی کے سفر میں مدد کرنے پر فخر ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کے دورے سے باہمی تعلقات کو نئی رفتار ملے گی۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج پرتگال اور سلوواکیا کے چار دن کے سرکاری دورے پر روانہ ہورہی ہیں۔

☆ آج رام نومی مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔

☆ صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی اقتصادی پالیسیوں اور سرکاری اداروں اور اہلکاروں کی تعداد کم کرنے کے منصوبوں کے خلاف امریکہ اور یوروپی شہروں میں بڑے پیمانے پر مظاہرے ہوئے ہیں۔

☆ اور **IPL** کرکٹ میں، آج شام سَن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM - PAMBAN INAUGURATION**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج تمل ناڈو میں نئے **Pamban** ریل برِج کا افتتاح کیا۔ جناب مودی بھارتی فضائیہ کے طیارے کے ذریعے سری لنکا سے **Mandapam** میں بحریہ کے فضائی اڈے پر پہنچے۔ وزیر اعظم مختلف ریل اور سڑک پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کرنے والے ہیں اور کچھ پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھ رہے ہیں، جن کی مالیت **8** ہزار **300** کروڑ روپے ہے۔ جناب مودی نے رامیشورم **Tambaram** ایکسپریس اور ایک بحری جہاز کو بھی جھنڈی

دکھا کر روانہ کیا، جو Vertical Lift سمندری پُل سے ہوکر گزرے گا۔

یہ پُل 550 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے اور یہ رامائن کے ساتھ گہری ثقافتی وابستگی کی عکاسی کرتا ہے اور یہ رامیشورم کو بقیہ ملک سے جوڑتا ہے۔ یہ پُل Stainless Steel سے تعمیر کیا گیا ہے۔ x

**PM - SRI LANKA**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کو سری لنکا کے ترقیاتی سفر کے مختلف پہلوؤں میں ، اُس کی مدد کرنے پر فخر ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے سری لنکا کے اپنے دورے کے دوران پُرتپاک مہمان نوازی اور گرمجوشی کیلئے وہاں کے صدر Dissanayake ، وہاں کی سرکار اور عوام کے تئیں گہرے تشکر کا اظہار کیا۔

جناب مودی نے کہا کہ خواہ یہ کولمبو ہو یا انورادھا پورہ ، اُن کے اِس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان گہرے ثقافتی، روحانی اور تہذیبی رشتوں کا اعادہ ہوا ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ اُن کے اِس دورے سے باہمی تعلقات کو نئی رفتار ملے گی۔ x

**PM SRILANKA**

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت اور سری لنکا کے درمیان طویل عرصے سے چلے آرہے تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز کرتے ہوئے، سری لنکا کا اپنا تین دن کا سرکاری دورہ مکمل کرلیا ہے۔ وہاں کے تاریخی شہر انورادھا پورہ میں جناب مودی اور سری لنکا کے صدر Dissanayake نے Maho-Omanthai ریل لائن کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا، جسے بھارت کی مدد سے جدید طرز پر ڈھالا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ، دونوں رہنماؤں نے Maho - انورادھا پورہ سیکشن پر سگنل اور ٹیلی مواصلات نظام کے نئے پروجیکٹ کا بھی آغاز کیا، جو ایک کروڑ 49 لاکھ ڈالر کی بھارتی گرانٹ سے تیار کیا گیا ہے۔ اِس سے وہاں اور زیادہ محفوظ اور زیادہ موثر ریل نظام کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

دونوں رہنماؤں نے پوِتر جے سری مہا بودھی مندر میں پوجا اَرچنا کی، جو پورے ایشیا میں بودھ لوگوں کیلئے ایک اعلیٰ مقام ہے۔ اِس سے دونوں ملکوں کے درمیان گہرے روحانی اور تہذیبی رشتوں کی عکاسی ہوتی ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے صدر Dissanayake کے ساتھ وسیع تر دو طرفہ بات چیت کی۔ اس کے بعد دونوں رہنماؤں نے مختلف شعبوں میں بڑے اعلانات کئے، جن میں توانائی، ہاؤسنگ، ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچہ اور ثقافتی اشتراک شامل ہیں۔ وزیر اعظم کے اِس دورے سے سری لنکا کے استحکام اور ترقی کے تئیں بھارت کے پختہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔

سری لنکا کے صدر Dissanayake نے اپنے ملک کے اعلیٰ ترین سویلین اعزاز میں سے ایک ''متر

وِبھوشن‘‘ سے وزیر اعظم نریندر مودی کو سرفراز کیا۔
بات چیت کے دوران دونوں لیڈروں نے ماہی گیروں کے معاملے پر بھی تبادلۂ خیال کیا اور بھارت نے اِس معاملے پر انسانی ہمدردی کی بنیاد پر توجہ دیئے جانے پر زور دیا۔
بھارت نے پکڑے گئے ماہی گیروں اور اُن کی کشتیوں کو بھی جلد چھوڑے جانے پر زور دیا۔
اِدھر خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے بتایا کہ سری لنکا سرکار نے خیرسگالی کے جذبے کے طور پر 11 ماہی گیروں کو رہا کردیا ہے اور مزید ماہی گیروں کو جلد رہا کیا جائے گا۔

## AMIT SHAH

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ آج جموں و کشمیر کے تین دن کے دورے پر ہیں، جہاں وہ سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیں گے اور سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔
اپنے اِس دورے میں جناب امت شاہ متحدہ ہیڈکوارٹرس کی اہم جائزہ میٹنگ اور شری امرناتھ یاترا سے متعلق علیحدہ سکیورٹی جائزہ میٹنگ کی صدارت کریں گے اور جموں میں BJP کے ارکانِ اسمبلی سے بھی ملاقات کریں گے۔ x

## PREZ PORTUGAL VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے اس ماہ کی 10 تاریخ تک پرتگال اور Slovakia کا سرکاری دورہ کریں گی۔وہ آج روانہ ہوں گی اور آج دیر رات تک پرتگال پہنچیں گی۔ پرتگال کے اپنے دورے کے دوران وہ اپنے ہم منصب صدر اپنے ہم منصب صدر Marcelo Rebelo ڈی سوزا کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کریں گی۔
صدرِ جمہوریہ پرتگال کے وزیرِاعظم Luis Montenegro سے بھی ملاقات کریں گی اور وہ وہاں کی قومی اسمبلی کے صدر Jose Pedro Aguiar Branco سے بھی ملاقات کریں گی۔
سلوواکیہ کے اپنے دورے کے دوران صدرِ جمہوریہ مرمو صدر Peter Pellegrini اور وزیرِاعظم Robert Fico کے ساتھ بھی باہمی مذاکرات کریں گی۔x

## RAM NAVAMI

رام نومی آج ملک کے مختلف حصوں میں پورے جوش و خروش اور عقیدت کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ اِسی دن بھگوان وشنو کے ساتویں اوتار بھگوان رام کا جنم ہوا تھا۔
ایودھیا میں، دنیا کے کونے کونے سے آئے عقیدت مند، بھگوان شری رام کا جنم دن منارہے ہیں۔

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے اس مقدس تہوار کے موقع پر سبھی ہم وطنوں کو مبارکبادپیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدرجمہوریہ نے مذہب، انصاف اورفرض کی اُن اقدارکو اجاگرکیا جس کی یہ تہوار نمائندگی کرتا ہے۔

جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ پربھو شری رام کا آشیرواد ہمیشہ ہمیں حاصل ہوگا اور یہ ہماری کوششوں میں ہمیں رہنمائی فراہم کرتا رہے گا۔××

## AYODHYA - RAM NAVAM

ایودھیا میں لوگ رام نومی پورے جوش و خروش کے ساتھ منا رہے ہیں۔ رام نگری میں اِس موقع پر شری رام جنم بھومی مندر میں خصوصی رسومات ادا کی جارہی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Om Awasthi**

ایودھیا میں، ہرجگہ رام نومی کی دھوم ہے۔ رام نگری، جے شری رام کے نعروں سے گونج رہی ہے۔رام نومی کے اس موقع پر دنیا بھرسے بڑی تعداد میں آئے عقیدت مند رام نومی کے موقع رام للا کے درشن کے لئے ایودھیا میں شری رام جنم بھومی مندرمیں جمع ہوئے ہیں۔

اس موقع پر شری رام جنم بھومی مندر میں دوپہربارہ بجے سورج کی کرنوں نے رام للا کی پیشانی پر تلک لگایا۔ یہ منظر لگ بھگ چارمنٹ تک قائم رہا۔ یہ تاریخی لمحہ، ماہرین کی ایک ٹیم کے ذریعہ عمل میں لایا گیا اور اسے براہ راست نشربھی کیا گیا۔ پہلی مرتبہ سریو ندی کا پانی ڈرونز کے ذریعہ عقیدت مندوں پر چھڑکا جارہا ہے۔ اس مرتبہ ایودھیا میں دو لاکھ سے زیادہ دیئے روشن کئے جائیں گے۔

عقیدت مندوں کی بڑی تعداد کے پیش نظر، انتظامیہ نے پورے ضلع میں سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے ہیں۔

لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں عبدالمالک۔

## US - PROTEST

امریکہ میں لاکھوں لوگ صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی اقتصادی پالیسیوں اور سرکاری اداروں اور اہلکاروں کی تعداد کم کرنے کے منصوبے کے خلاف احتجاج اور مظاہروں میں حصہ لے رہے ہیں۔ امریکہ کی سبھی 50 ریاستوں میں یہ مظاہرے ہورہے ہیں اور عالمی سطح پر بھی جمہوریت نواز تحریک اِس احتجاج کا اہتمام کررہی ہے۔

بڑے پیانے پر یہ مظاہرے پورے امریکہ میں ریاستی راجدھانیوں، وفاقی عمارتوں، امریکی کانگریس کے دفاتر،

سوشل سکیورٹی ہیڈکوارٹرس، پارکس اور سٹی ہالز میں ہوئے ہیں۔ سب سے بڑا احتجاج واشنگٹن ڈی سی میں نیشنل مال میں ہوا، جہاں لاکھوں مظاہرین نے حصہ لیا۔ یوروپی شہروں میں بھی سینکڑوں لوگوں نے احتجاج کیا۔

برلن میں مظاہرین تختیاں لئے ہوئے تھے، جن میں جرمنی میں رہنے والے امریکیوں سے کہا گیا تھا کہ وہ اپنے وطن میں افراتفری کے خاتمے کیلئے احتجاج کریں۔

منتظمین کا کہنا ہے کہ اُن کے تین مطالبے ہیں۔ ٹرمپ انتظامیہ میں بدعنوانی کا سلسلہ بند ہو، طبی امداد ، سوشل سکیورٹی اور اُن دیگر پروگراموں کیلئے وفاقی فنڈس میں کٹوتی کا سلسلہ بند کیا جائے، جن پر عوام انحصار کرتے ہیں، نیز غیرملکی افراد ، مخنث لوگوں اور دیگر برادریوں پر حملے روکے جائیں۔

اُدھر وہائٹ ہاؤس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کا موقف واضح ہے کہ سوشل سکیورٹی ، طبی حفظانِ صحت اور طبی امداد اہل اور مستحق افراد کو ہی دی جائے۔ x

## IPL CRICKET

آئی پی ایل کرکٹ میں ، آج حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ راجیوگاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل رات چنڈی گڑھ کے مہاراجا Yadavindra singh انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلس نے پنجاب کنگس کو 50 رن سے ہرادیا۔

کل ہی اس سے پہلے چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک اور میچ میں ڈیلی کیپٹلز نے چنئی سپر کنگس کو 25 رن سے شکست دی

ڈیلی کیپٹل مسلسل تین میچوں میں جیت حاصل کرنے کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل میں سرفہرست ہے جبکہ رائل چیلنجرس بنیگلورو نے تین میچوں میں سے دو میں جیت حاصل کی ہے اوروہ دوسرے مقام پر ہے۔xx

## RAJASTHAN AMIT SHAH VISIT

مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ آج راجستھان کا دورہ کریں گے۔ اپنے اس دورے کے دوران جناب امت شاہ Kotputli-Bahador ضلع میں واقع Patwa کے مقام پرکئی مذہبی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ وہ Bavdi میں یوگی با با بال ناتھ کے Taposthali کے مقام پر منعقدہونے والے 108 Kundiya رودرا مہامرتیج مہا یگیہ مکمل ہونے کی تقریب میں بھی حصہ لیں گے۔

اس کے علاوہ ، جناب شاہ سناتن دھرم سمّیلن سے خطاب کریں گے۔ روایت اور روحانیت کا جشن منانے والی اس

عظیم مذہبی تقریب میں، راجستھان سمیت کئی ریاستوں کے عقیدت مندوں کی بڑی تعداد میں شرکت کرنے کا امکان ہے۔ اس تقریب میں وزیراعلیٰ بھجن لال شرما، مرکزی وزیربھوپیندر یادو، جے پور دیہات کے رکن پارلیمنٹ راؤ راجندر اور دیگر کئی

ارکان اسمبلی بھی شرکت کریں گے۔ وزیرداخلہ کے اس دورے کے لئے سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔××

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆